## ایم کیوایم سوات میں جاری کارروائیوں اوردہشت گردی کے متاثرہ افراداور بیدخل خاندانوں کی ہرممکن مددکرے گی۔الطاف حسین

## سوات کی سنگین صورتحال کے باعث وہاں کے عام شہری بیدخلی پرمجبور ہوگئے ہیں،خواتین اوربچوں کوسب سے زیادہ مشکلات کا سامناہے۔متاثرین کوانسانی ہمدردی کی بنیادپرغذائی اشیاءاورادویات فراہم کی جائیں گی،

## احمدرضاقصوری ایڈووکیٹ سےسوات اورقبائلی علاقوں کی صورتحال،سیاسی حالات اورقومی وبین الاقوامی صورتحال پرگفتگو

## سیاسی جماعتوں اوروکلاءبرادری کوایسے کسی بھی اقدام سے گریزکرناچاہیے جومحاذآرائی کاراستہ ہو۔احمدرضاقصوری

لندن ۔۔۔12فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم سوات میں جاری کارروائیوں اوردہشت گردی کے متاثرہ افراد اور بیدخل خاندانوں کی ہرممکن مددکرے گی۔انہوں نے یہ بات ملک کے ممتازآئینی وقانونی ماہراحمدرضاقصوری ایڈووکیٹ سےٹیلیفون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین اوراحمدرضاقصوری ایڈووکیٹ کے درمیان سوات اورقبائلی علاقوں میں جاری دہشت گردی کے واقعات،ملک کے سیاسی حالات اورقومی وبین الاقوامی صورتحال پرتبادلہ خیال کیاگیا۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ سوات اورقبائلی علاقوں میں جاری دہشت گردی کی کارروائیوں کی وجہ سے پاکستان کاامیج پوری دنیامیں خراب ہورہاہےاورملک خطرات میں گھرگیاہے،ملک کے مجموعی حالات انتہائی تشویشناک ہیں اورہم اس وقت بحیثیت قوم ایک نازک صورتحال سے دوچار ہیں۔انہوں نے کہاکہ سوات کی سنگین صورتحال کے باعث وہاں کے عام شہری بیدخلی پرمجبورہوگئے ہیں اورجووہاں پھنسے ہوئے ہیں وہ غذائی اشیاءاوردواؤں کی قلت سے دوچار ہیں خصوصاً خواتین اوربچوں کوسب سے زیادہ مشکلات کا سامناہے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم سوات میں جاری کارروائیوں اوردہشت گردی کے متاثرہ افراداور بیدخل خاندانوں کی اپنی بساط کے مطابق ہرممکن مددکرے گی اورمتاثرین کوانسانی ہمدردی کی بنیادپرغذائی اشیاءاورادویات فراہم کرے گی۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایک طرف سوات اورقبائلی علاقوں میں صورتحال قابوسے باہرہوگئی ہےاورپوراملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہےلیکن دوسری طرف بعض عناصرلانگ مارچ اوردھرنے کی باتیں کررہے ہیں جس سے ملک مزیدعدم استحکام کی طرف جائے گا۔ممتازآئینی وقانونی ماہراحمدرضاقصوری ایڈووکیٹ نے جناب الطاف حسین کے خیالات سےمکمل اتفاق کرتے ہوئے کہاکہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال انتشارکےبجائے اتحادکاتقاضہ کررہی ہےاورتمام ہی سیاسی ومذہبی جماعتوں اوروکلاء برادری کواس موقع پر ایسے کسی بھی اقدام سے گریزکرناچاہیے جومحاذ آرائی کاراستہ ہو اورجوملک کوغیرمستحکم کرے۔احمدرضاقصوری نے جناب الطاف حسین کی جانب سےسوات کےمتاثرین کی امدادکےاعلان کوسراہااورایم کیوایم کےسیاسی اقدامات اورفلاحی سرگرمیوں کی تعریف کی۔

## عوام ممتازشاعر،ادیب اوردانشورجناب جمیل الدین عالی کی صحتیابی اوردرازی عمرکیلئے دعاکریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن ۔۔۔12فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ملک کےممتازشاعر،ادیب اوردانشورجناب جمیل الدین عالی کی علالت پرگہری تشویش کااظہارکیاہےاوردعاکی ہے کہ اللہ تعالیٰ جمیل الدین کوصحت کاملاں عطاکرےاوران کی عمردرازفرمائے۔جناب الطاف حسین نےعوام سے بھی اپیل کی ہے کہ جمیل الدین جوکہ علم وادب کاقومی سرمایہ ہیں،عوام ان کی صحتیابی کیلئے دعاکریں۔

## پنجاب کےغریب کسانوں کوان کی ضرورت کےمطابق کھادفراہم کی جائے۔ارکان قومی اسمبلی ایم کیوایم

## پنجاب کےارکان اسمبلی حکومت کی جانب سے ملنےوالےکھادکاکوٹہ کسانوں کوفراہم کرنے کےبجائے اسے یوٹیلیٹی اسٹورکوفروخت کررہے ہیں

## صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضاگیلانی معاملےکافوری نوٹس لیں

کراچی۔۔12فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے پنجاب کے کسانوں کو کھاد فراہم نہ کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس عمل کو غریب کسانوں کے ساتھ کھلی ناانصافی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں ارکان اسمبلی نے کہا کہ پنجاب میں کسانوں کو کھاد کی شدید قلت کا سامنا ہے اور پنجاب کے ارکان اسمبلی بھی حکومت کی جانب سے ملنے والے کھاد کا کوٹہ کسانوں کو فراہم کرنے کے بجائے اسے یوٹیلیٹی اسٹور کو فروخت کررہے ہیں۔ایم کیو ایم کے ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کھاد کی ذخیرہ اندوزی کا فی الفور نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث میں عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے اور پنجاب کے غریب کسانوں کو ان کی ضرورت کے مطابق کھاد فراہم کی جائے۔

## حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد کی جانب سے شادی سے قبل لڑکے اور لڑکی کا بلڈ ٹیسٹ لازمی قرار دینے کیلئے قانون سازی کا عمل شروع کرنے کا متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی جانب سے زبردست خیر مقدم

کراچی۔۔۔12،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد کی جانب سے شادی سے قبل لڑکے اور لڑکی کا بلڈ ٹیسٹ لازمی قرار دینے کیلئے قانون سازی کا عمل شروع کرنے اور اس سلسلے میں ڈرافٹ بل محکمہ قانون کو بھیجنے کے اقدام کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں شعبہ خواتین نے کہا کہ حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد کے اس اقدام کے تحت نجی اسپتالوں،عطائیت اور شادی سے قبل لڑکے لڑکی کا بلڈ ٹیسٹ لازمی قرار دینے کا بل محکمہ قانون کے ذریعے اسمبلی میں پیش کیا جائے گا جس کی منظوری کے بعد غیر قانونی طور پر چلنے والے عطائی ڈاکٹروں کے کلینکس اور نجی اسپتالوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکے گی۔انہوں نے کہا کہ یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ حق پرست صوبائی وزیر صحت نے سندھ کی سطح پر 65لاکھ مستحق افراد کو مفت ہیلتھ انشورنش فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے،انشورنش کی سہولت کے لئے حکومت سندھ اور انشورنش کمپنی کے درمیان معاملات طے پارہے ہیں اس طرح خواتین کو بھی زچگی کی میں 25ہزار کی رقم ملے گی،انشورنس ہیلتھ کارڈ کے ذریعے معذوری کی صورت میں رقم کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔شعبہ خواتین نے کہا کہ حق پرست صوبائی وزیر برائے صحت ڈاکٹر صغیر احمد کے ان مثبت اقدامات سے عام آدمی کو بھرپور فائدہ پہنچے گا خاص طور پر شادی سے قبل خون کے ٹیسٹ سے بعد میں درپیش آنے والے مسائل پر قابو پایا جاسکے گا اور اس عمل سے آنے والی نسلوں کو بھرپور اور صحت مند زندگی گزارنے کا موقع ملے گا اور وہ معاشرے کا کامیاب فرد بن سکیں گی۔

## شکارپور کی رہائشی ماریہ شاہ کے ساتھ پیش آنیوالے وحشیانہ سلوک کا نوٹس لیا جائے،ملزم کو عبرتناک سزادی جائے،شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔12،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ خواتین کی ارکان نے شکارپور کی رہائشی ماریہ شاہ کے ساتھ پیش آنے والے وحشیانہ سلوک کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ماریہ شاہ پر تیزاب پھینک کر جلانے والے ملزم ارسلان سنجرانی کو سخت ترین سزادی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں شعبہ خواتین نے کہا کہ مورخہ 15 جنوری کو ملزم ارسلان سنجرانی نے شادی سے انکار پر متوفیہ ماریہ شاہ کے چہرے پر تیزاب پھینک دیا تھا جس سے وہ بُرطرح جھلس گئی تھی۔انہوں نے کہا کہ ماریہ شاہ کے ساتھ ہونے والے اس وحشیانہ سلوک کا سختی سے نوٹس لیا جائے،ملزم ارسلان سنجرانی گرفتار ہو چکا ہے اور اسے اس گھناؤنے جرم کا ارتکاب کرنے پر سخت ترین سزادی جائے تاکہ یہ سزا خواتین پر ظلم وستم کرنے کی سوچ رکھنے والوں کیلئے عبرت کا نشان بن جائے۔

☆☆☆☆☆